سندھ دھرتی کو یرغمال بنانے کے سازشی منصوبے کبھی کامیاب نہیں ہوسکتے۔رابطہ کمیٹی متحدہ قومی موومنٹ

الطاف حسین کی قیادت میں ایم کیو ایم کا ایک ایک کارکن صوفیوں کی امن کی دھرتی کی حفاظت کیلئے تیار ہے

کراچی ۔۔۔02/اپریل2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ رابطہ کمیٹی نے کہا ہے کہ سندھ امن اور صوفیوں کی سرزمین ہے اور جو عناصر ایک سازشی منصوبے کے تحت اب سندھ اور کراچی کو یرغمال بنانے کے منصوبے بنا رہے ہیں وہ اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوسکتے اور انہیں سندھ کے کروڑوں عوام کے غیض وغضب کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں متحدہ قومی موومنٹ کا ایک ایک کارکن اپنی سندھ دھرتی کی حفاظت کیلئے تیار ہے اور وہ یہاں مذہبی انتہا پسندوں کا قبضہ نہیں ہونے دیں گے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ سندھ دھرتی سے محبت کرنے والے ایک ایک فرد کا فرض ہے کہ وہ اپنی دھرتی ماں کو غیروں سے بچانے کیلئے آگے آئے اور اتحاد و یکجہتی کا مظاہرہ کرے۔رابطہ کمیٹی نے صدر آصف علی زرداری اور وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ کراچی، سندھ سمیت ملک بھر میں طالبانائزیشن کی سازش کو ناکام بنانے کیلئے فوری نوعیت کے اقدامات کئے جائیں اور طالبانائزیشن کو یہاں رہائش، پناہ گاہیں اور اسلحہ فراہم کرنے والے عناصر کے خلاف بھی سخت ترین کارروائی کی جائے

۔

صدر آصف زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر سمیت تمام اعلیٰ حکام شہریوں کو لوڈ شیڈنگ کے عذاب سے نجات دلانے کیلئے مئوثر کردار ادا کریں۔ایم کیو ایم لیبر ڈویژن

اگر کے ای ایس سی کی موجودہ انتظامیہ شہریوں کو بجلی فراہم نہیں کرسکتی تو ادارے کو کسی اور مخلص انتظامیہ کے حوالے کیا جائے

کراچی ۔۔۔2/اپریل2009ء۔۔۔ایم کیو ایم لیبر ڈویژن کی سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی کے ارکان نے کراچی میں بجلی کی طویل لوڈ شیڈنگ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ بجلی کی لوڈ شیڈنگ فی الفور خاتمہ کیا جائے اور فرنس آئل خرید کر بجلی کی پیداوار بڑھائی جائے اور بند یونٹس شروع کیے جائیں۔اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ کے ای ایس سی کی انتظامیہ کی گزشتہ کئی سالوں سے متعدد مرتبہ یہ دعویٰ کرتی رہی ہے کہ بجلی کی لوڈ شیڈنگ پر اس سال مکمل قابو پالیا جائیگا لیکن تمام تر دعوؤں کے باوجود شہر میں بجلی کا بحران دن بہ دن شدت اختیار کرتا جارہا ہے جسکے باعث شہری کی زندگی اجیرن بن کررہ گئی ہے اور عوام احتجاج پر مجبور ہورہے ہیں۔لیبر ڈویژن نے کہا کہ کراچی الیکٹرک سپلائی کارپوریشن کی انتظامیہ کی جانب سے عوام کو بجلی کی سہولت سے تو محروم رکھا جارہا ہے مگر انہیں بھاری مالیت کے بل بھیجے جارہے ہیں اور انتظامیہ فرنس آئل خرید کر بجلی کی پیداوار بڑھانے کے بجائے مسلسل ہٹ دھرمی کا مظاہرہ کررہی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ کم ہے۔لیبر ڈویژن نے صدر آصف زرداری، وزیر اعظم سید یوسف رضا گیلانی، پانی و بجلی کے وفاقی وزیر سمیت تمام اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ وہ بجلی کی لوڈ شیڈنگ کے خاتمے اور شہریوں کو لوڈ شیڈنگ کے عذاب سے نجات دلانے کیلئے مئوثر کردار ادا کریں اور کراچی الیکٹرک سپلائی کارپویشن کی انتظامیہ کو پابند کریں کہ وہ بجلی کی پیداوار بڑھانے کیلئے فرنس آئل خریدے اور تمام بند یونٹس میں بجلی کی پیداوار شروع کی جائے اور اگر کے ای ایس سی کی موجودہ انتظامیہ شہریوں کو بجلی فراہم نہیں کرسکتی تو اس ادارے کو کسی اور مخلص انتظامیہ کے حوالے کیا جائے۔

دھابیجی میں مسافر بس اور کوچ میں ہولناک تصادم کے نتیجے میں چھ افراد کی ہلاکت پر متحدہ قومی موومنٹ رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی ۔۔۔02/اپریل2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ رابطہ کمیٹی نے دھابیجی میں مسافر بس اور کوچ میں ہولناک تصادم کے نتیجے میں چھ افراد کی ہلاکت اور متعدد افراد کے زخمی ہونے پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق ہونے والے افراد کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔رابطہ کمیٹی نے حادثے کے زخمیوں سے بھی دلی ہمدردی کا اظہار کیا اور ان کی جلد صحتیابی کی دعا کی۔

ایم کیو ایم ملک سے جاگیردارانہ و وڈیرانہ نظام کا خاتمہ اور ملک میں 98 فیصد غریب متوسط طبقہ کے غصب شدہ حقوق کے حصول کیلئے جدوجہد کررہی ہے، کے ایم اوسی

کراچی ۔۔2اپریل2009ء۔۔۔حق پرست صوبائی وزیر کھیل ڈاکٹر محمد علی شاہ نے ایم کیو ایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عارف حیدر اور اسلم بلوچ کے ہمراہ گزشتہ

روز آ گرتاج کالونی یونٹ اور UC.3 نیا آباد میں لیاقت کالونی کے علاقے کا دورہ کیا اور علاقے کے معززین و تاجروں سے ملاقات کی اس موقع پر کے ایم او سی کے ارکان ممتاز علی اور الطاف حسین مینگل بھی موجود تھے۔ علاقے کے معززین اور تاجروں نے حق پرست صوبائی وزیر اور کے ایم او سی کے ارکان سے گفتگوں کرتے ہوئے ایم کیو ایم کے نمائندوں کی جانب شہر میں ترقیات کاموں کو زبردست انداز میں سراہا ہوئے علاقے میں درپیش مسائل خصوصاء سماج دشمن اور جرائم پیشہ عناصر کی جانب سے بڑھتی ہوئے دہشت گردی کی کارروائیوں سے تفصیلات سے آگاہ کیا۔ صوبائی وزیر ڈاکٹر محمد علی شاہ اور ارکان کے ایم او سی نے عمائدین شہر کے مسائل کو غور سے سنا اور تمام مسائل کے حل کیلئے انہیں ہر ممکن یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے کہا کہ حق پرست نمائندے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے حقیقت پسندی و عملیت پسندی کے فکر و فلسفہ پر پیرا ہوتے ہوئے اسے عملی جامع پہنانے کیلئے دن رات کوشاں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم ملک سے جاگیردارنہ ووڈیرانہ نظام کا خاتمہ اور ملک میں 98 فیصد غریب متوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے عوام کو ان کے غصب شدہ حقوق کے حصول کیلئے جدو جہد کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کا بھی فرض ہے کہ وہ ایم کیو ایم کی جدو جہد میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں اور جناب الطاف حسین کے ہاتھ مضبوط کریں۔

☆☆☆☆☆